نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب کی زیرِ صدارت ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں اعلیٰ سطحی اجلاس کا انعقاد

سپر سیڈرز کی تیاری اور ڈلیوری کے دوران دیئے گئے معیار کے مطابق کوالٹی کو یقینی بنایا جائے۔ سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو

لاہور18جولائی2024: س یکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں اجلاس کا انعقاد ہوا۔ اجلاس میں وزیر اعلیٰ پنجاب کی زرعی ترقی سے متعلق جاری سکیموں کی پیشرفت کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ صوبہ پنجاب میں ماڈل ایگری مالز کے قیام کے لیے پروگرام حتمی مرحلہ میں داخل ہو چکا ہے۔ اس کے علاوہ کینو کی بحالی کے لیے پلان کو حتمی شکل دے دی گئی ہے۔ سویابین کی کاشت اور پیداوار میں اضافہ کے لیے منصوبہ تیار کر لیا گیا ہے۔ سیکرٹری زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ پنجاب میں کینولہ کی کاشت اور پیداوار میں اضافہ کے لیے عملی اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔ سویابین اور کینولا کی پرموشن کا مقصد درآمدی بل میں کمی لانا ہے۔ انھوں نے کہا کہ تل کی پیداوار میں اضافہ کا مقصد ایکسپورٹ اور زرمبادلہ میں اضافہ کو یقینی بنانا ہے۔ اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب نے متعلقہ افسران کو ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ سپر سیڈرز کی مینیو فیکچرنگ کے عمل کو اپنی ٹیکنیکل ٹیم سے مانیٹر کرایا جائے۔ نیسپاک کے ذریعے بھی سپر سیڈرز کی مینو فیکچرنگ کی تیاری کے دوران معیار کو برقرار رکھنے بارے باقاعدگی سے رپورٹ حاصل کی جائے۔ مشینری کی تیاری اور ڈلیوری کے دوران دیئے گئے معیار کے مطابق کوالٹی کو یقینی بنایا جائے۔ اجلاس میں ڈائریکٹر جنرل زراعت (توسیع) چوہدری عبد الحمید، ڈائریکٹر جنرل زرعی اطلاعات پنجاب نوید عصمت کاہلوں، ڈائریکٹر جنرل زراعت فیلڈ انجنئیر سہیل احمد اور چیف پلاننگ اینڈ ایلویلیویشن سیل محمد آصف قریشی سمیت دیگر افسران نے شرکت کی۔

☆☆☆☆